www.dailypakistanbulletin.PK

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعہ 24 اکتوبر 2025ء بمطابق یکم جمادی الاول 1447ھ | شمارہ 90 | قیمت 10 روپے

پاک فوج ہر دشمن کی جارحیت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی

آئی ایس پی آر

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا غلام اسحاق خان انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی صوابی کا دورہ

پاکستان نے افغانستان میں خوارج کی موجودگی کیخلاف موثر اقدامات کیے، آئندہ بھی پاک فوج ہر دشمن کی جارحیت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی

لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے حالیہ پاک افغان سرحدی جھڑپ، سکیورٹی صورتحال اور سوشل میڈیا کے کردار پر بھی گفتگو کی

صوابی (ویب ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ افغانستان میں خوارج کی موجودگی کے خلاف مؤثر اقدامات کیے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے غلام اسحاق خان انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی صوابی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے حالیہ پاک افغان سرحدی جھڑپ، سکیورٹی صورتحال اور سوشل میڈیا کے کردار پر گفتگو کی۔ اپنے خطاب میں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ پاکستان نے افغانستان میں خوارج کی موجودگی کے خلاف مؤثر اقدامات کیے ہیں، آئندہ بھی پاک فوج ہر دشمن کی جارحیت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی۔ ڈی جی آئی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

وفاقی کابینہ نے ٹی ایل پی پر پابندی کی منظوری دیدی

وزیرِ اعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت وفاقی کابینہ اجلاس میں ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی منظوری دی گئی، ٹی ایل پی پر پابندی انسدادِ دہشت گردی ایکٹ کے سیکشن الیون بی ون کے تحت تجویز کی گئی

ٹی ایل پی کے رہنماوں نے نفرت انگیز تقاریر کیں، مذہبی تنظیم فرقہ وارانہ انتہا پسندی اور اقلیتوں کے خلاف تشدد میں ملوث ہے، ٹی ایل پی کے ہجوم نے تشدد کیا اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا، چارج شیٹ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی کابینہ نے ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی منظوری دی گئی۔ کابینہ نے ضابطے کی کارروائی کیلئے وفاقی وزارت داخلہ کو احکامات جاری کردیے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ حکومت جائزے کے بعد ٹی ایل پی کو پابندی لگانے کی سفارش کی تھی۔ اس حوالے سے مذہبی جماعت نے ایل پی پر پابندی لگانے کے لیے نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں ٹی ایل پی پر پابندی انسداد دہشت گردی ایکٹ کے اجلاس منعقد ہوا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی تجویز پیش کی گئی۔ اس حوالے سے مذہبی جماعت نے ایل پی پر پابندی لگانے کے لیے نوٹیفکیشن جاری کیا ہے کہ حکومت جائزے کے بعد ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی سفارش کی تھ

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے آلاصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42 فرفلور، وینڈی کراف بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔

021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

مہنگائی اور معیشت کے حوالے سے آئوٹ لک کی دو متضاد رپورٹس

عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان میں معاشی اصلاحات کے تسلسل اور مالی بہتری کا اعتراف کیا ہے۔ آئی ایم ایف کی مڈل ایسٹ اینڈ سینٹرل ایشیا تنظیم اکنامک آوٹ لک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں رواں مالی سال معاشی ترقی 3.6 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ سال 25-2024 میں پاکستان میں ترسیلات زر، کرنٹ اکاؤنٹ میں بہتری آئی۔ رپورٹ میں پاکستان میں سال 26-2025 میں مہنگائی دوبارہ بڑھنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ پاکستان میں بجلی پر سبسڈی کے خاتمے، ٹیرف کے معمول پر آنے سے دباؤ بڑھے گا۔ علاقائی کشیدگی بھی خطے کی معاشی ترقی کو متاثر کر سکتی ہے۔ آئی ایم ایف رپورٹ میں کہا گیا کہ 2025 کی تیسری سہ ماہی میں سیلاب کے معیشت پر منفی اثرات کا خدشہ ہے۔ پاکستان میں سیلاب کے ان منفی اثرات کی شدت تاحال غیر یقینی ہے۔

گزشتہ دنوں آئی ایم ایف نے اپنی ورلڈ اکنامک آوٹ لک کی رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان میں مہنگائی اور بے روزگاری میں کمی کا قوی امکان ہے جبکہ گزشتہ روز خود وہی اپنی پبلک رپورٹ سے انحراف کرتے ہوئے یہ عندیہ دے رہا ہے کہ پاکستان میں سال 26-2025 میں مہنگائی میزبد بڑھ سکتی ہے۔ ان دونوں متضاد رپورٹوں پر عوام کس طرح مطمئن ہو سکتے ہیں۔ جہاں تک ترسیلات زر کرنٹ اکاؤنٹ میں بہتری آنے کا تعلق ہے تو اس بہتری کا عام آدمی کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا جبکہ معیشت بھی جوں کی توں لڑکھڑاتی نظر آرہی ہے البتہ اس بہتری سے آئی ایم ایف ضرور مطمئن نظر آرہا ہے جسے صرف اپنے قرض کی واپسی کی راہ ہموار ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ رپورٹ میں آئی ایم ایف یہ بھی اعتراف کیا ہے کہ بجلی پر سبسڈی کے خاتمے، ٹیرف کے معمول پر آنے سے دباؤ بڑھے گا۔ علاقائی کشیدگی بھی خطے کی معاشی ترقی کو متاثر کر سکتی ہے اور حالیہ سیلاب کے بھی معیشت پر منفی اثرات کا خدشہ ہے یہ سب جاننے کے باوجود آئی ایم ایف پاکستان کے ساتھ کسی قسم کی رعایت یا اسے کوئی سہولت فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ اپنی کڑی شرائط پر ہی پاکستان کو قرض کی معمولی قسط جاری کرتا ہے جسے بدقسمتی سے حکمران عوامی مشکلات کا ادراک رکھتے ہوئے بھی من وعن تسلیم کرتے جا رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جب تک آئی ایم ایف جیسے مالیاتی اداروں سے مستقل چھٹکارا پانے کے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات نہیں کیے جاتے نہ معیشت بہتر ہو سکتی ہے نہ مہنگائی پر قابو پایا جا سکتا ہے جبکہ عام آدمی کی خوشحالی معیشت کی بہتری اور مہنگائی میں کمی سے ہی جڑی ہے۔ حکومت کی جانب سے قوم کو یہ یقین دہانی ضرور کرائی جارہی ہے کہ یہ آئی ایم ایف کا آخری پروگرام ہے لیکن اسکی جانب سے ایسے کوئی اقدامات ہوتے دکھائی نہیں دے رہے جو قوم کو امید دلا سکیں کہ آئی ایم ایف کے ساتھ واقعی حکومت کا یہ آخری پروگرام ہے۔

ناقص پٹرولیم مصنوعات

کشمر معیاری پیک کر کے اس روز مصنوعات کی فروخت کی اجازت دیں۔ روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات کا ڈپوؤں پر جب تک معیار پیک نہیں کیا جاتا چاہئے اس وقت تک غیر معیاری پٹرولیم مصنوعات کی نہ تو فروخت روکی جاسکتی ہے اور نہ ہی فضائی آلودگی میں کمی کے مقاصد حاصل ہوں گے۔ ناقص پٹرولیم مصنوعات فروخت کرنے والی مافیا مارکیٹنگ کمپنیوں کے ڈپو سیر کر کے بھاری جرمانے کئے جائیں۔ پاکستان میں جو پٹرولیم مصنوعات فروخت ہو رہی ہیں یہاں انجینئرز کا کام ہا بت ہو رہی ہیں اور آئے روز لاکھوں روپے کے انجن انجنیئر پمپ اور خراب ہو جاتے ہیں اسی لئے ٹرانسفارمر اب الیکٹرک گاڑیوں کی خریداری کے اعتبار سے کہہ رہے ہیں کہ حکومت کو بار بار درخواست کرنے کے باوجود پٹرولپمپوں پر معیاری پیکنگ نہیں کی جاتی۔

میں نے تجزیہ کیا کہ سال قبل ڈیزل فیکٹ اور ڈائیو پیٹرول سے ہی الیکٹرک گرشمل گاڑیاں خریدیں کیونکہ لوگوں کا کہنا تھا کہ مستقبل میں صرف الیکٹرک موٹر والی گرشمل گاڑیاں ہوں گی اور اب ایک سال بعد ہی ان کے انجن پمپ اور انجنیئر زمیں

رحمت خان ورگ

غیر معیاری پٹرولیم مصنوعات کے باعث دھواں دینے والی گاڑیوں کا چلان کرنا ظلم ہے۔ اگر حکومت معیاری پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی یقینی بنادے تو دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو قصوروار ٹھہرایا سکتی ہے۔ ملک کو بھرمیں ناقص ملاوٹ شدہ اور غیر معیاری پٹرولیم مصنوعات کی فروخت جاری ہے جس پر حکومت کا کوئی کنٹرول نظر نہیں آتا۔ جب گاڑیوں کو معیاری ایندھن میسر نہیں آئے گا تو یہ گاڑیاں بھی دھواں دیتی ہیں۔ حکومت بجائے معیاری ایندھن کی فراہمی کو یقینی بنانے کے گاڑیوں کے خلاف کلٹ مہم شروع کر کے اپنی ذمہ داریوں سے پہلو تہی کرتی ہے۔ اسی وجہ سے حکومتی اقدامات کے باوجود فضائی آلودگی میں ہر گزرتے دن کے ساتھ اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

میں گزشتہ 5-6 سال سے وفاقی وصوبائی حکومتوں کو کہہ رہا ہوں کہ اس تحقیق تک پالیسی اختیار کر کے ملک کے تمام اضلاع میں موجود پٹرولیم ڈپوؤں پر روزانہ فضائی انتظامیہ ڈپٹی کمشنر و اسسٹنٹ

سوشل میڈیا کی محبت اور بربادی کا المیہ

عصر حاضر میں سوشل میڈیا نے جہاں دنیا کو ایک گلوبل گاؤں میں بدل دیا ہے، وہیں انسان کو اپنی ہی جذبات، احساسات اور قدار سے دور کر دیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم جو کبھی علم، رابطے اور اظہار کا ذریعہ تھا، آج محبت، اعتماد اور تعلقات کے نام پر دھوکے، استحصال اور بربادی کا ایک بازار بن چکا ہے۔ کہا یہ وہی محبت ہے جو کبھی سیتا، ہوا اور اعتبار کا استعارہ تھی؟ آج یہ محبت ایک "بیچ" سے شروع ہوتی ہے، "لیوا" پر پروان چڑھتی ہے اور "اسکرین شاٹ" یا "ویڈیو لیک" پر ختم ہو جاتی ہے۔ اعداد و شمار کی بھیانک حقیقت ایک حالیہ سروے کے مطابق 2018 سے 2022 کے دوران صرف پاکستان میں دو لاکھ تیس ہزار لڑکیاں سوشل میڈیا پر محبت کے نام پر جنسی استحصال کا شکار ہوئیں۔ یہ وہ لڑکیاں تھیں جنھیں محبت کے نام پر "اللہ کی قسم"، "ایک دفعہ کر دو نا گا" اور "تم میری لکھوتی ہو" جیسے جملوں سے بہلا کر ان کی تصاویر اور ویڈیوز حاصل کی گئیں۔ افسوس! بعد ازاں انہی ویڈیوز کو بلیک میلنگ، جنسی تعلقات اور دوستوں کے ساتھ شیئرنگ کے لیے استعمال کیا گیا۔ بیسٹگوں نے شرمندگی اور خوف کے مارے زندگی کا خاتمہ کر لیا کئی ایسی سانحیں تو رہ لے رہی ہیں مگر اندر سے مر چکی ہیں۔ اور ہزاروں کی ویڈیوز آج بھی انٹرنیٹ کے اندھیروں میں تیر رہی ہیں جہاں "لوڈ" ہوتے جا رہے ہیں مگر انسانیت مرتی جا رہی ہے۔ یہ وہ اعداد و شمار ہیں جو رپورٹ ہوئے، مگر جو رپورٹ نہیں ہوئے وہ کہیں زیادہ خوفناک ہے۔ گرمشل گاڑیوں کو چلانا کیوں ممکن نہیں ہوگا۔

یہ بات عام مشاہدے میں آئی ہے کہ نئی خریدی گئی گاڑی چند ماہ بعد دھواں دینے لگتی ہے۔ اس میں موٹر کنپنیوں کا کوئی قصور نہیں بلکہ غیر معیاری ایندھن کے باعث ایسا ہو رہا ہے۔ حکومت اپنی غلط پالیسیوں اور مفتقد اداروں کی نااہلی کا بوجھ عام گاڑی مالکان پر ڈال کر بری الذمہ نہیں ہو سکتی۔ اگر حکومت کی جانب سے معیاری پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات نہ کئے گئے تو ملکی موٹر کمپنیوں کی الیکٹرک گرمشل گاڑیاں کم فروخت ہو پذیرین حقیقی اثرات مرتب ہوں گے اور موٹر کمپنیوں میں مقامی و عالمی سرمایہ کاری پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔

اگلے ماہ وفاقی آلودگی میں کمی کے لیے صنعتوں سے دھوئیں کا اخراج روکنے کی سخت پالیسی جاری کرنی ہوگی اور حکومت صنعتوں پر سخت بائیبرک طریقہ کار رمتبع کرے۔ اسکے علاوہ فصلوں کی باقیات جلانے کے بجائے بر سخت بائیبرک اور ایندھن کی تیاری کے بھٹے دھوئیں کے اخراج کو روکنا ہوگا۔ اب تک کے کئوئی اقدامات فضائی آلودگی میں تبدیلی کی کے لیے ناپرموثر ہیں۔

پکتیکا میں خوارج کا صفایا۔ پاکستان کا فیصلہ کن اقدام

"کرک ٹیم" کو نشانہ بنایا گیا۔ تاہم حقائق اس کے برعکس ہیں۔ پاکستانی سکیورٹی ذرائع نے واضح کیا ہے کہ اس مقام پر کوئی عام شہری یا کھیلوں کی ٹیم موجود نہیں تھی، بلکہ تمام مارے گئے افراد خوارج گروہ کے مسلح رکن تھے جن کے نام اور شناخت بعد میں جاری بھی کی گئی ہیں۔ یہ پروپیگنڈا اور اصل ان عناصر کی جانب سے پھیلایا گیا جنہیں دہشت گردوں کی سرپرستی کا الزام درپیش ہے۔

اصغر علی شاد

یہ امر بھی خصوصی توجہ کا حامل ہے کہ حافظ گل بہادر گروپ باضی میں تحریک طالبان پاکستان (TTP) کے ساتھ قریبی روابط رکھتا رہا ہے۔ یہ گروہ ظالی وزیرستان اور سرحدی علاقوں سے کام کرتا ہے اور ماضی میں دہشت گردوں کی ذمہ داری قبول کرتا آیا ہے۔ پکتیکا کے علاقے میں اس گروہ کے متعدد ٹھکانے ہیں جنہیں تبھی جہاں سے بصرف منصوبہ بندی ہوتی تھی بلکہ مقامی کے لیے عسکری تربیت بھی فراہم کی جاتی تھی۔ ایسے میں پاکستان کے لیے یہ کارروائی ایک ناگزیر اقدام تھا تاکہ شہری علاقوں پر حملوں کا سلسلہ ختم کیا جا سکے۔

سفارتی ماہرین کے بقول اس کارروائی کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ پاکستان نے ثابت کیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف کسی مصلحت یا دباؤ کے تحت نہیں جھکے گا۔ پاکستان کی پالیسی واضح ہے: کوئی بھی گروہ جو سرحد پار سے ہمارے عوام پر حملہ کرے گا، اسے اسی زبان میں جواب دیا جائے گا۔ یہی پیغام اس کارروائی کے ذریعے افغان سرزمین پر موجود دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو دیا گیا ہے کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور عوام کے تحفظ کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائے گا۔

یہ بات قابل غور ہے کہ خوارج کے خلاف یہ کارروائی صرف ایک عسکری کامیابی نہیں بلکہ ایک پیغام ہیں بھی ہے۔ پاکستان کی جانب سے بارہا کہا جانے تک اس روز فروخت کی اجازت نہیں ہونی چاہئے۔ معیاری پٹرولیم مصنوعات کے متعلق اعلیٰ حکام اور متعلقہ اداروں کو لیڈر نگ کھلا کر میں تک پکا ہوں گرگرمی شہوانی نہیں ہوتی۔

مکلف صوبائی محکموں کی جانب سے فضائی آلودگی کی روک تھام کے نام پر دھواں دینے والی گاڑیوں پر جرمانوں کی بھاری شرح عائد کرنے کا علم ہے۔ اسی لئے وفاقی وصوبائی محکموں اور اداروں کو اس کی جانب سے معیاری پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کرنے کے لئے تو کے لحوظ اقدامات یقینی بنانا ہوں گے۔ پیٹرولیم مصنوعات میں وہائٹ ایرٹ لائٹ ڈیزل اور ایرائی ڈیزل وغیرہ کی ملاوٹ کر کے فروخت کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ایرانی پیٹرولیم مصنوعات کی اسمگلنگ اور ملک بھر میں کھلے عام فروخت بھی غیر معیاری پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کی بہت بڑی وجہ ہے۔ حکومت ایرانی ڈیزل یا مٹی تیل کے لیے صرف گاڑیوں پر ہی بھاری جرمانے عائد کر کے فضائی آلودگی کے خاتمے کے غلط خواب دیکھ رہی ہے۔ حکومت کو پٹرولیم پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کا تعین کے لحوظ تو اقدامات یقینی بنانا ہوں گے۔ پیٹرولیم مصنوعات میں وہائٹ ایرٹ لائٹ ڈیزل اور ایرائی ڈیزل وغیرہ کی ملاوٹ کر کے فروخت کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ایرانی پیٹرولیم مصنوعات کی اسمگلنگ اور ملک بھر میں کھلے عام فروخت بھی غیر معیاری پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کی بہت بڑی وجہ ہے۔ حکومت اپنی نااہلی چھپانے

01 بقیہ نمبر

جائے گی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ اللہ کے فضل و کرم سے بہتر پالیسیوں کی بدولت معاشی اشاریہ بہتر ہے کم ہم سب کو مل کر اسی کے مطابق اشار

پیپلز پارٹی نے خواتین کی فلاح کیلئے تاریخی اقدامات کیے ہیں

فریال تالپور

پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما محترمہ فریال تالپور کی جانب سے پاک چین دوستی امن، ترقی اور مساوات کے خوابوں کی شراکت داری قرار

پیپلز پارٹی نے خواتین کے لیے پنک بس سروس اور مفت الیکٹرک اسکوٹیز متعارف کرائیں، جو خطے میں ایک منفرد مثال ہے، سینئر وزیر شرجیل انعام میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما محترمہ فریال تالپور نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی محض دو ممالک کے تعلقات تک محدود نہیں، بلکہ امن، ترقی اور برابری کے مشترکہ خوابوں کی شراکت داری ہے۔ یہ وقت وقت کی ہر آزمائش پر پوری اتری ہے، جو باہمی اعتماد اور احترام کی بنیاد پر قائم ہے۔ کراچی میں چین کے قونصلیٹ کی جانب سے خواتین کو اختیار بنانے کے موضوع پر منعقدہ خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فریال تالپور نے کہا کہ خواتین کی ترقی دراصل قومی ترقی کی ضمانت ہے، اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے خواتین کے سیاسی، سماجی اور معاشی حقوق کی جدوجہد کو نئی جہت دی۔ فریال تالپور نے کہا کہ آج چیئرمین بلاول زرداری اور صدر آصف علی زرداری شہید پی پی کے وژن کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جنوبی پاکستان نے ہمیشہ خواتین کی قیادت کے لیے تاریخی اقدامات کیے ہیں۔ سندھ کے 3 نو منتخب وزراء کے حلف سے قبل راقم کو پیپلز پارٹی کی معاشی خودمختاری کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

عوام کے تعاون کے بغیر فضائی آلودگی پر قابو نہیں پایا جاسکتا، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب

لاہور (ویب ڈیسک) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت سموگ سے نمٹنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ کنجر ڈاکٹ کالج لاہور میں نشست سے خطاب کرتے ہوئے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ سموگ کی وجہ سے کاروبار زندگی شدید متاثر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

چاند نظر آ گیا، پاکستان میں آج یکم جمادی الاول ہوگئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ملک میں جمادی الاول 1447ھ کا چاند نظر آ گیا، آج 24 اکتوبر کو یکم جمادی الاول ہوگئی۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

نواز کیئرنے لاہور میڈیکل پراجیکٹ بارے آن لائن افواہوں کی تردید کردی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نواز کیئرنے لاہور میڈیکل پراجیکٹ بارے آن لائن افواہوں کی تردید کردی۔ نواز کیئرنے حالیہ میڈیا رپورٹس اور سوشل میڈیا کے دعوں کے بارے میں ایک واضح بیان جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ پی ایم این ایس آئی ٹی میں اس کے لاہور پروجیکٹ کو غلط طریقے سے پیش کیا گیا ہے۔ سچ کی دیکھ بھال کرنے والی تنظیم نے تصدیق کی کہ یہ منصوبہ امپیریل کالج ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

مقبوضہ مغربی کنارے کو ضم کرنے کا فیصلہ مسترد، عالمی برادری اقدامات کرے، پاکستان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نے اسرائیل کی جانب سے مقبوضہ مغربی کنارے کو ضم کرنے کے متنازع فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے عالمی برادری سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے مطابق پاکستان مقبوضہ مغربی کنارے کے انضمام کی اسرائیلی کوششوں اور وہاں سیوٹی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

پشاور میں 80ویں اقوام متحدہ کے دن کی تقریب میں زائرین اسٹالز کے ساتھ مشغول ہیں

لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر پیشرفت رپورٹ طلب

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر پیشرفت رپورٹ طلب کرلی۔ سندھ ہائی کورٹ میں لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ پولیس نے لاپتا شہریوں سے متعلق ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

پنجاب پولیس نے علیمہ خان کے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کروادی

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب پولیس کی جانب سے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کروادی گئی۔ پنجاب پولیس علیمہ خان کے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کروانے اسلام آباد ہائی کورٹ پہنچ گئی، ایس ڈی پی او اعزاز شاہ نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کروائی۔ علیمہ خان کو گرفتار نہیں کیا گیا، ایس ڈی پی او اعزاز شاہ نے علیمہ خان کو ہمراہ اسلام آباد ہائی کورٹ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

ہرتال کے نام پر زبردستی کاروبار بند کرانا ناقابل قبول ہے، عظمیٰ بخاری

پنجاب کو اسلحہ سے پاک کرنے کے عزم کی طرف ہمیں جانا ہے، پنجاب حکومت

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ہڑتال کے نام پر زبردستی کاروبار بند کرانا ناقابل قبول ہے۔ صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہڑتال کی کال کے نام پر زبردستی دکانیں، کاروبار یا ٹرانسپورٹ بند کرانا قطعی طور پر ناقابل قبول ہے۔ اگر کسی نے ہمارے بند کرانے یا ٹرانسپورٹ روکنے کی کوشش ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

بیگم نصرت بھٹو نے تاریخ کے سب سے تاریک دور میں بھی سربلند رہ کر جدوجہد کی، آصفہ بھٹو

کراچی (ویب ڈیسک) خاتون اول بی بی کہا ہے کہ سابق خاتون اول بیگم نصرت بھٹو ایک غیر

معمولی حوصلے اور وقار کی حامل خاتون تھیں جنہوں نے جدوجہد کے سب سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

آصفہ بھٹو زرداری نے مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی برسی پر انھیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے

یہ محض عمارتیں نہیں، حکومتی وژن کی عکاس ہیں، وزیر اعلیٰ سندھ

زراق آباد کے قریب شہید ذوالفقار علی بھٹو میڈیکل کمپلیکس 290 بستروں پر مشتمل ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی صدارت میں ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں سوبے کے دو اہم ترقیاتی منصوبوں شہید ذوالفقار علی بھٹو انجینئرنگ کالج، گڈو کے قریب میڈیکل کمپلیکس کے قیام اور خود شہید ذوالفقار علی بھٹو انجینئرنگ کالج کی پیش ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

طلبا نے لاہور، پاکستان میں ڈبل ڈیکرس کی سواری کا لطف اٹھایا

عوامی صحت کے معاملات پر سمجھوتہ نہیں، وزیر صحت ڈی ایچ او اور پر برہم

محکمہ صحت کا مقصد عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے، تمام افسران ذمہ داریاں پوری کریں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت وجود آبادی سندھ ڈاکٹر عذرا پیچوہو کی زیر صدارت صوبے بھر کے ڈی ایچ او ز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس میں سیکریٹری ریحان بلوچ، تمام ڈی ایچ او ز کی شرکت، اپنی کارکردگی رپورٹس پیش کیں، اجلاس میں وزیر صحت کی جانب سے تمام اضلاع میں ڈی ایچ او ز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ، اجلاس میں لیبر، مادر اور نوزائیدہ صحت، این سی ڈی، این سی سی ایاز، اور ویکسین کی دستیابی، سیکریٹری، ریحان بلوچ، تمام ڈی ایچ او ز کی شرکت، اجلاس میں اضلاع میں ڈی ایچ او ز کی کارکردگی کا جائزہ، اجلاس میں خاندانی منصوبہ بندی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

حیدرآباد میں ایک فروشکار اپنی فیملی کی کفالت کے لیے ریچھ کی پرسلا فروخت کرتا ہے

افغان بستی میں غیر قانونی تعمیرات کیخلاف آپریشن تیز، 1800 مکان مسمار

غیر قانونی طور پر منیم افغان باشندوں کیخلاف سرچ آپریشن، 54 افراد حراست میں لے لیا گیا

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی افغان بستی میں غیر قانونی تعمیرات کے خاتمے کیلیے آپریشن کو تیز کر دیا گیا ہے۔ آپریشن کے پہلے روز 1800 غیر قانونی مکان مسمار کر دیے گئے، آپریشن میں ضلعی انتظامیہ، ایسٹی انکروچمنٹ فورس، پولیس اور رینجر ٹریک ہوئی، حکام نے بتایا کہ قبضہ مافیا نے منیر ڈپٹینٹ الفارقی کی 234 ایکڑ اراضی پر قبضہ کر رکھا ہے، افغان بستی میں 3100 غیر قانونی مکانات تعمیر ہیں۔ پولیس حکام نے بتایا کہ سوراب گوٹھ، ملاعظم اسکوائر کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

ٹیسٹ کرکٹ کا کم ہونا قومی ٹیم کی شکست کا باعث ہے، عبوری ہیڈ کوچ اظہر محمود

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے عبوری ہیڈ کوچ اظہر محمود نے کہا کہ پاکستان نے کچھ ڈراپ کیے، اسٹیپ چھوڑا، بہترین ٹیم کو موقع دیں گے تو جارحانہ جواب ملے گا۔ اظہر محمود نے کہا کہ 20 کیچز لینا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

وزیر اعظم کا صنعتوں اور کسانوں کیلئے رعایتی بجلی پیکیج

پیکیج کے تحت صنعتوں، کسانوں کو آئندہ 3 سالوں (نومبر 2025 سے اکتوبر 2028) میں رعایتی قیمت پر اضافی بجلی فراہم کی جائیگی

ملکی صنعتوں، زرعی شعبے کی خطے میں مسابقت بڑھانے اور کاروباری سہولتوں میں اضافے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے صنعتوں اور کسانوں کے لیے رعایتی بجلی پیکیج کا اعلان کر دیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے صنعتی و زرعی شعبے کے ماہرین و کاروباری برادری کے وفد سے ملاقات میں پیکیج کا اعلان کیا، پیکیج کے تحت صنعتوں، کسانوں کو آئندہ 3 سالوں (نومبر 2025 سے اکتوبر 2028) میں رعایتی قیمت پر اضافی بجلی فراہم کی جائے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

اسٹیکر پنجاب اسمبلی نے اپوزیشن کے 3 معطل ارکان کو بحال کر دیا

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب اسمبلی سے اپوزیشن جماعت کے ارکان کی معطلی کا معاملہ، اسپیکر ملک احمد خان نے اپوزیشن کے 3 معطل ارکان کو بحال کر دیا۔ 3 ارکان کی معطلی کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا گیا۔ اپوزیشن کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

فون سننے کے بعد ایس پی نے اہلکار سے گن چھین کر خود کو گولی مار لی

ایس پی آئی ٹی ٹائن عدیل اکبر نے اپنے سینے پر گولی ماری، اسپتال میں دوران علاج دم توڑ گئے، ذرائع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد میں ایس پی انڈسٹریل ایریا عدیل اکبر نے فون سننے کے بعد اہلکار سے پستول چھین کر خود کو گولی مار لی اور زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ اسپیکر پولیس ٹیوٹ کے مطابق ایس پی عدیل اکبر نے گن مین سے اسلحہ چھین کر خود کو گولی مار لی، ایس پی عدیل اکبر کے گن مین اور موقع پر موجود دیگر اہلکاروں کو حراست میں لے لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ایک فون کال سننے کے بعد ایس پی آئی ٹائن عدیل اکبر نے خود کو سینے پر پستول سے گولی ماری جس پر انہیں فوری طور ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

شہریوں کے بجلی کے نرخ میں کسی طرح کی کمی نہیں آئے گی، کے الیکٹرک

نیپرا کے نئے فیصلے سے ہماری مالی مشکلات یقیناً بڑھیں گی، مرتضیٰ کا ہم متاثر ہوگا، ترجمان

کراچی (ویب ڈیسک) کے الیکٹرک نے صارفین کو واضح کیا ہے کہ نیپرا کے فیصلے کے بعد شہریوں کے بجلی کے نرخ میں کسی طرح کی کمی نہیں آئے گی۔ تفصیلات کے مطابق کیفل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی جانب سے پہلے اضافی تعریف و نیپرا اور گھریلو ایل لیٹے کے بعد کم تعرف نے کے الیکٹرک کے صارفین میں سے چلنی پیدا کر دی ہے۔ ذرائع کے الیکٹرک نے بتایا کہ نیپرا کے مطابق ایئر تعریف میں کے الیکٹرک کی یونٹ 7 روپے 60 پیسے کی کمی کے الیکٹرک پر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

دریائے سندھ کے کنگ کنارے سے بھاری مشینری کی غیر قانونی طور پر ریت لوٹنے، حفاظتی گھیرے کی خلاف ورزی کا جائزہ لیا جا رہا ہے

پنجاب حکومت نے سندھ کیلئے گندم کے بیج کی فراہمی بند کر دی

پیپلز پارٹی کا پنجاب حکومت کے تعصبانہ رویے کے خلاف وفاق کے سامنے سخت احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے سندھ کے لئے گندم کے بیج کی فراہمی بند کر دی، پنجاب سے گندم کے بیج کی فراہمی بند ہونے کی وجہ سے سندھ میں لاکھوں ایکڑ گندم کی کاشت سخت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ پیپلز پارٹی نے پنجاب حکومت کے تعصبانہ رویے کے خلاف وفاق کے سامنے سخت احتجاج کرتے ہوئے وزیر اعظم سے مداخلت کرکے پنجاب حکومت سے سندھ کو گندم کے بیج کی فراہمی شروع کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ پیپلز پارٹی نے وفاقی حکومت ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

کراچی: چیف سیکریٹری سندھ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فرقہ وارانہ ٹارگٹ کلنگ میں ملوث 4 اہم زینبیون بریگیڈ کے 2 دہشتگرد گرفتار

ٹائن چوری والے واقعے کے تانے بانے بھی اسی گروہ سے جڑ رہے ہیں، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی

کراچی (ویب ڈیسک) شیر قائد مذہبی جماعت کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث ٹیگ پکڑا گیا، ابتدائی تفتیش میں پتہ چلا ہے کہ یہ ٹیٹ ورک پڑوی کلف سے آپریٹ ہوا تھا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈی آئی جی سی ٹی ڈی غلام اظفر مہیسر نے بتایا کہ کالعدم تنظیم زینبیون بریگیڈ کے 2 دہشتگرد گرفتار کر لیے گئے ہیں۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی نے مختلف علاقوں میں 32 ٹیلی پتھی میڈ آپریشنز کیے، جن کے دوران مذہبی جماعت کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث ٹیگ کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ملزمان میں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

انتظامی کوتاہیوں سے لاڑکانہ بدامنی کا شکار ہو رہا ہے

سید ایاز شاہ شیرازی

نوجوانوں کو بے قابو چھوڑ دینے سے مختلف مواقع پر ہتھیاروں کی نمائش کے دوران ناخوشگوار واقعات رونما ہوئے ہیں، ایم این اے

لاڑکا علاقہ پولیس اور انتظامیہ کی کوتاہیوں کی وجہ سے شمالی سندھ کے اضلاع کی طرح بدامنی کا شکار ہو رہا ہے، صحافیوں سے بات چیت

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ایم این اے سید ایاز شاہ شیرازی نے کہا ہے کہ لاڑکا علاقہ پولیس اور انتظامیہ کی کوتاہیوں کی وجہ سے شمالی سندھ کے اضلاع کی طرح بدامنی کا شکار ہو رہا ہے، جہاں جرائم پیشہ مافیا کو جہاں آزادی حاصل ہے، وہاں ہمارے والدین کی بھی بہت کی کوتاہیاں ہیں کیونکہ وہ اپنے بچوں پر نہیں پہنچتی نہیں کرتے، جس کی وجہ سے بیشمار ناخوشگوار واقعات پیش ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

ایکسپو سینٹر کراچی میں ماسکوا ایکسپورٹ سینٹر پر مشتمل تاجروں کے وفد کی صوبائی وزیر جام اکرام سے ملاقات، وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال بھی موجود ہیں

کراچی میں نادرا کا میگا سنٹر قائم کرنے کا فیصلہ، مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کراچی (ویب ڈیسک) نادرا نے فی ایم سی کے ساتھ گلبرگ ٹاؤن میں نادرا کا سب سے بڑا میگا سنٹر قائم کرنے کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کر دیے۔ ترجمان کے مطابق نادرا میگا سنٹر پیشے میں چوہان، 24 ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

بارلیسوی ایجنڈا عدالتی نظام کی مضبوطی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں، وزیر قانون

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ بار ایسوسی ایشنز عدالتی نظام کی مضبوطی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں، وزارت قانون و انصاف ان کی پیشہ وارانہ ضروریات کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرتی رہے گی۔ ترجمان وزارت ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

کراچی کا نوجوان کچے کے ڈاکوؤں سے ٹی ٹریپ، 1 کروڑ تاوان کا مطالبہ

کراچی (ویب ڈیسک) شیر قائد کے علاقے لیاری کے 16 سالہ نوجوان کو مبینہ طور پر کچے کے ڈاکوؤں نے اغوا کر لیا جس کا مقدمہ اغوا خاندی عدیمت میں درج کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق لیاری کے علاقے چاکیاڑہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

کھی اور کوکنگ آئل کی قیمت میں ہوشربا اضافہ، گھریلو بجٹ شدید متاثر

کراچی (ویب ڈیسک) کھی اور کوکنگ آئل کی قیمت میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آیا، جس کے بعد گھریلو صارفین کو اضافی بوجھ برداشت کرنا پڑے گا۔ تفصیلات کے مطابق مہنگائی سے پریشان عوام پر ایک اور بوجھ ڈال دیا گیا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

ملکی و غیر ملکی کرنسی، جعلی جوائننگ لیٹرز اور ڈالرز برآمد، ملزم گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) شیر قائد میں ملکی و غیر ملکی کرنسی، جعلی جوائننگ لیٹرز اور ڈالرز سمیت دیگر اشیاء برآمد کر کے پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ گارڈن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملکی و غیر ملکی کرنسی، پی ٹی اے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

کسٹمز اور رینجرز کی مشترکہ کارروائی میں کروڑوں مالیت کے اسمگل شدہ ٹائرز برآمد

کراچی (ویب ڈیسک) کسٹمز اور رینجرز کی مشترکہ کارروائی میں کروڑوں روپے مالیت کے اسمگل شدہ ٹائرز برآمد کر لیے گئے۔ ترجمان کے مطابق پاکستان کسٹمز اور سندھ رینجرز کی انسداد اسمگلنگ مہم کے تحت خفیہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

نئے وزیر اعلیٰ کے لیے اصل ہدف حکومت کو کامیابی سے چلانا ہے، شیر افضل مروت

نئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو آتے ہی رواداری کا پیغام دینا چاہیے تھا، رکن قومی اسمبلی نے الزامات لگاتے ہوئے ان کو دہشت گرد، سہولت کار اور منشیات فروش تک کہا، تفصیلات کے مطابق رکن قومی اسمبلی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

اسلام آباد (ویب ڈیسک) رکن قومی اسمبلی رہنما شیر افضل مروت نے انکشاف کیا کہ سہیل آفریدی کے وزیر اعلیٰ بننے سے پہلے دو وفاقی وزرا

جھگڑا ہو جائے تو رات کو الگ الگ کمروں میں سوتے ہیں، اداکارہ مریم نفیس

کراچی (ویب ڈیسک) مارننگ شو میں گفتگو کرتے ہوئے مریم نفیس نے بتایا کہ وہ اور ان کے شوہر امان اللہ نے جھگڑے نمٹانے کے لیے ایک انوکھا اصول بنا رکھا ہے، اداکارہ مریم نفیس نے ہنستے ہوئے کہا کہ ہم دونوں نے متفقہ فیصلہ کیا ہے کہ اگر کبھی جھگڑا ہو جائے تو رات الگ کمروں میں سوئیں گے۔ اداکارہ نے مزید بتایا کہ جیسے ہی جھگڑا ہوتا ہے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

اپنی چھت اپنا گھر ایک لاکھ خاندانوں کو بلا سود قرض کا ٹارگٹ مکمل

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت ایک لاکھ گھر کا ہدف پورا ہونے پر اظہار تشکر کیا ہے

کم آمدن والے ایک لاکھ خاندانوں کو بلا سود اور آسان قرض کا ٹارگٹ بھی مکمل کر لیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت ایک آمدن والے ایک لاکھ خاندانوں کو بلا سود اور آسان قرض کا ٹارگٹ بھی مکمل کر لیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت گھر کا ہدف پورا ہونے پر اظہار تشکر کیا ہے۔ کم آمدن والے ایک لاکھ خاندانوں کو بلا سود اور آسان قرض کا ٹارگٹ بھی مکمل کر لیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے 10 ماہ میں ایک سال کا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 17